رہبر معظم کا وزیر انصاف، مرحوم جمال کریمی رادکی رحلت پر تعزیتی پیغام - 30 /Dec/ 2006

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے وزیر انصاف اور عدلیہ کے ترجمان مرحوم مغفورآقائ جمال کریمی راد کی رحلت پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وزیر انصاف اور عدلیہ کے ترجمان مرحوم مغفورآقائ جمال کریمی راد کی افسوس ناک رحلت پر ان کے خاندان ، حکومت اور عدلیہ کو تعزیت پیش کرتا ہوں ۔ مرحوم مؤمن اورخدمتگذاراہلکاروں میں شامل تھے۔ خداوند متعال کی بارگاہ سے ان کی مغفرت اور درجات کی بلندی کا طالب ہوں۔

سید علی خامنہ ای